
New Era Magazine
آدھی ملاقات
* ستارہ ناز کے ساتھ *
NEW ERA MAGAZINE
www.neweramagazine.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# آدھی ملاقات

# ''کرن رفیق'' کے ساتھ

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

السلام علیکم۔۔۔

میں ہوں (ماہم بتول) نیو ایرا میگزین کے نئے سلسلے ''آدھی ملاقات'' میں آپ سب کو خوش آمدید ..

آج ہم آپ کی جس لکھاری سے ملاقات کروانے جارہے ہیں وہ تقریباً سوشل لکھاریوں میں سے سب کی پسندیدہ لکھاری ہیں جن کو آپ اور ہم سب سوشل لکھاری کے طور پر پڑھتے ہیں ایک لکھاری کا لکھا ہوا ہر لفظ اس کی پہچان ہوتا ہے ایسے ہی انہوں نے اپنے لفظوں اور اپنی کہانیوں سے سب کو اپنا گرویدہ بنالیا ہے اور آج انہیں کون نہیں جانتا جی ہاں ہم بات کر رہے ہیں

# "کرن رفیق"

کی آیئے آج ہم ان سے کچھ باتیں کرتے ہیں اور ان کے بارے میں جانتے ہیں۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .اسلام علیکم کیسی ہیں آپ؟

وعلیکم السلام الحمداللہ میں بالکل ٹھیک ہوں آپ سنائیں ۔

سوال .آپ اپنے بارے میں اور اپنی فیملی کے بارے میں کچھ بتائیں؟

میرا تعلق مڈل کلاس فیملی سے ہے اور ہم چھ بہنیں ہیں۔

سوال .آپ اپنی ہابیز اور پسند نا پسند کے بارے میں بتائیں؟

لکھنا میرا پسندیدہ مشغلہ ہے اور پسند تو سب کچھ ہی ہے اور ناپسند ایسا خاص کچھ بھی نہیں ہے۔

سوال .مزاجاً کیسی ہیں آپ؟

تھوڑا گرم مزاج کی ہوں۔ فورا کسی بات پر رد عمل ظاہر کرتی ہوں۔

سوال .سادگی پسند ہے یا بننا سورنا؟

ویسے تو سادگی لیکن شادی یا فنکشن پر بننا سنورنا پسند ہے۔

سوال .آپ کی تعلیم کیا ہے؟

ماسٹرز ان اکنامکس

سوال .آپ کہاں رہتی ہیں؟

سیالکوٹ

سوال .لکھنے کی جانب کیسے آئیں؟سفر کیسے شروع ہوا؟

میں نے بہت سے ناولز پڑھے ہیں تو سوچا کیوں نہ ایک کوشش کی جائے پھر پہلا ناول پانچ ماہ میں لکھا تھا پہلے پیجز پر پھر ورڈ پر ٹائپ کیا تھا۔ پھر اسے ایک ویب پر پبلش کروایا تھا اور الحمداللہ کہ میری پہلی کاوش کو کافی پسند کیا گیا تھا۔

سوال پہلی تحریر کونسی تھی؟

تیرا عشق میری بندگی میرا پہلا ناول ہے۔

سوال .جب لکھنا شروع کیا تو گھر والوں کا کیا ردِ عمل تھا؟ سپورٹ کی یا مخالفت؟

گھر والوں میں میری اماں اور بہنوں کے علاوہ کسی کو معلوم نہیں کہ میں لکھتی ہوں تو انہوں نے سپورٹ ہی کیا تھا۔ خاص طور پر میری بڑی بہن نے کافی سپورٹ کیا تھا اس معاملے میں۔

سوال .آپ کب سے لکھ رہی ہیں؟

پچھلے ڈیڑھ سال سے لکھ رہی ہوں ۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .کیا آپ ہمیشہ مصنف بننا چاہتی تھی؟

نہیں میں وکیل بننا چاہتی تھی لیکن کچھ ریزنز کہ وجہ سے نہیں بن سکی۔

سوال .آپ کی رائے میں ، اچھی تحریر کے سب سے اہم عناصر کیا ہیں؟

اچھی تحریر وہی ہوتی ہے جس سے لوگ کچھ سیکھتے ہیں۔ کردار مضبوط ہونا چاہیے منظر نگاری اچھی ہونی چاہیے اور تحریر سبق آموز ہونی چاہئے۔

سوال .عام طور پر ، آپ لکھنے میں کتنا وقت گزارتی ہیں؟

گھر کے کاموں سے فارغ ہو کر تین بجے لکھنا سٹارٹ کرتی ہوں اور چھ بجے تک لکھتی ہوں۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .کیا آپ اپنے قارئین سے بہت کچھ سنتے ہیں؟ وہ آپ کی تحریروں کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

قارئین الحمد للہ بہت سپورٹیو رہے ہیں اب تک غلطیاں ہوں تب بھی بتاتے ہیں اور مجھے سراہتے بھی ہیں۔ میرے سب قارئین کو میری تحریریں سبق آموز لگتی ہیں اور سب بولتے ہیں کہ میری تحریروں سے ان کے لبوں پر مسکراہٹ آ جاتی ہے۔

سوال .آپ نے کتنے ناولز لکھے ہیں؟ آپ کا پسندیدہ کون سا ہے؟

میں نے چھ ناولز لکھ لیے ہیں۔ ایک ناولٹ اور ایک افسانہ لکھا ہے اور پسندیدہ میرا خود کا کوئی نہیں خاص ہاں پہلا ناول مجھے سب سے اچھا لگتا ہے کیونکہ وہ میرے دل کے تھوڑا قریب ہے۔

سوال .آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ کیا آپ کا پسندیدہ کردار ہے جو آپ نے لکھا ہے؟ اگر ایسا ہے تو ، کون؟ اور انہیں کیا خاص بنا دیتا ہے؟

میرا پسندیدہ کردار سالار سکندر ہے اور مجھے نہیں لگتا کہ بتانے کی ضرورت ہے وہ کیوں خاص ہے۔ لیکن پھر بھی بتا دیتی ہوں اس کا توبہ کا سفر مجھے بہت پسند ہے۔

سوال .اپنی پہلے ناول کے بارے میں بتائیں؟ سفر کیسا تھا؟

پہلا ناول الحمداللہ بہت پسند کیاگیا تھا۔ اسی وجہ سے مجھے میں لکھنے کا مزید شوق پیدا ہوا ہے۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .آپ کا پسندیدہ مصنف کون ہے اور کیوں؟ اب آپ کیا پڑھ رہی ہیں؟ فی الحال ایسی کونسی کتاب ہے جسے آپ پڑھنا چاہتی ہیں؟

عمیرہ اور نمرہ احمد میری پسندیدہ ترین مصنفہ ہیں۔ اب کچھ خاص نہیں پڑھ رہی کیونکہ لکھنے سے فرصت نہیں ملتی۔ میں حالم پڑھنا چاہتی ہوں لیکن وقت نہیں مل رہا۔

سوال .آپ کس مشہور مصنف کی خواہش کرتے ہیں کہ آپ اپنا ، سرپرست بنیں؟ اگر آپ کسی کامیاب مصنف سے ان کی تحریری تحریری عمل یا کتابوں کے بارے میں تین سوالات پوچھ سکتے ہیں تو وہ کیا ہوگا؟

میں عمیرہ احمد کو بناتی کمال کی مصنفہ ہیں۔ سوال یہ پوچھتی

کہ منظر نگاری ہر بار ضروری ہوتی ہے یا ایک عاد بار ہی کرنی چاہیے

دوسرا پوچھتی کہ لفظوں میں جان کیسے ڈالتی ہیں وہ

تیسرا ناول کیلیے سحر میں لوگوں کو کیسے قید کیا جا سکتا ہے۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .کامیابی آپ کے لئے کیا معنی رکھتی ہے؟ کامیابی کی تعریف کیا ہے؟ کیا آپ کا کل وقتی کیریئر لکھنا ہے؟ یا وہ جو آپ چاہیں گی؟

کامیابی کے لئے کوشش معنی رکھتی ہے۔ کوشش کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے۔ نہیں میں فارغ اوقات میں ہینڈ میڈ جیولری بناتی ہوں۔ کریئر میں اب لکھنا ہی چاہوں گی۔

سوال .کوئی ایسی ساتھی رائیٹر جس کا کام آپ کو بہت پسند آیا ہو اور آپ سمجھتی ہیں کہ وہ بہت اچھا لکھ رہی ہیں؟

ساتھی ورکر کومل سلطان احمد خان کا کام بہت اچھا ہوتا ہے۔

سوال .شاعری میں کس کس کو پڑھتی ہیں کس کا کلام پسند ہے کوئی فیورٹ شاعر؟ اپنی کوئی فیورٹ شاعری جو شیئر کرنا چاہتی ہوں؟

مرزا غالب اور علامہ اقبال کو شوق سے پڑھتی ہوں۔ نہیں ایسی کوئی خاص نہیں مطلب ابھی یاد نہیں۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .کوئی ایسی تحریر جس کو بار بار پڑھا ہو؟

کچھ عشق میں رنگ جنوں بھی تھا میں نے پچاس سے زائد مرتبہ اسے پڑھ لیا ہے۔

سوال .ایک لکھاری کا کیا فرض ہے؟

لکھاری کا فرض بامقصد اور سبق آموز تحریر لکھنا ہے۔

سوال .اگر آپ کو اپنے آپ کو تین الفاظ میں بیان کرنا ہو تو وہ کیا ہو گا؟

میں خود کو تین لفظوں میں بیان نہیں کرسکتی کیونکہ ایک لفظ ہی کافی ہے اور لوگ مجھے زیادہ تر سڑیل ہی بولتے ہیں۔ہاہاہا اور مجھے پسند بھی یہی ہے۔

سوال .اگر آپ کو دنیا گھومنے کا موقع ملے تو آپ کہاں جانا پسند کریں گی؟

سعودیہ مکہ مکرمہ جانا چاہوں گی۔

سوال .اگر آپ کسی کو دعوت پر بلائیں تو کیا کھانا بنائیں گی.؟
میں بہت کچھ بنا لوں گی کیونکہ مہمانوں کے لئے کوکنگ شوق سے کرتی ہوں۔ بریانی، قورمہ، چکن کٹلٹس یہ تو مسٹ ہیں باقی ٹائم ہو تو میٹھے میں کھیر بنا لیتی ہوں۔ اور دعوت پر اگر کسی کو بلائوں گی تو یہی سب کھلائوں گی۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .بچپن کی کوئی شرارت یا کوئی یاد جو آپ بتانا چاہیں اپنے فینز کو؟
میں شرارتی بالکل نہیں رہی ہوں اور ایسی کوئی شرارت یاد بھی نہیں" ہے ہاں یونیورسٹی کے وقت کافی شرارتوں کی ہیں۔ لڑکیوں کے ڈوپٹے چیئرز کے ساتھ یا ایک دوسرے کے ساتھ باندھ دیتی تھی۔

سوال .کس رائیٹر کو آپ فالو کرتی ہیں آج کل کس رائیٹر کو پڑھ رہی ہیں؟

انا الیاس کو فالو کرتی ہوں اور پڑھ فلحال کسی کو بھی نہیں رہی۔

سوال .حال ہی میں آپ نے کونسی اور کس رائیٹر کی کتاب پڑھی ہے اور اس میں کیا سیکھنے کو ملا؟

پڑھے ہوئے کافی دیر ہوگئی ہے اب یاد نہیں لاسٹ ٹائم کیا پڑھا تھا مطلب کونسی کتاب پڑھی تھی۔

سوال .اگر آپ رائیٹر نہ ہوتی کو کیا ہوتی؟

رائیٹر نہ ہوتی تو ٹیچر ہوتی۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .آپ نے اپنی پہلی تحریر کون سے پلیٹ فارم پر دی؟

پرائم اردو ناولز میں اپنی تحریر شائع کروائی تھی۔

سوال .اپنی لائف کا کوئی فنی یا انٹرسٹنگ واقع جو آپ اپنے فینز سے شیئر کرنا چاہتی ہوں؟

ایک کزن کی شادی پر چائے اور کولڈ ڈرنک مکس کر کے ایک لڑکی کو پلائی تھی جو بار بار تنگ کر رہی تھی۔

سوال .زندگی کیا ہے؟

زندگی خدا کی نعمت ہے جس کی قدر سب کو کرنی چاہیے۔

سوال .زندگی کا کلِ اثاثہ؟ زندگی کا سب سے عزیز رشتہ؟

والدین ہیں میرے لئے کل اثاثہ بھی اور سب سے عزیز بھی۔

سوال .محبت پر یقین رکھتی ہیں؟

نہیں مجھے بالکل محبت پر یقین نہیں ہے۔

سوال .دوستی کیا ہے؟

دوستی میرے لئے جنون کا دوسرا نام ہے۔

سوال .آپ اپنے مسائل کس سے شئیر کرتی ہیں؟

اللہ کے علاوہ کسی سے نہیں کیونکہ مجھے کسی پر یقین نہیں ہے۔ اور دوست مطلب بیسٹ فرینڈ ہے جس سے خدا کے بعد ڈسکس کرتی ہوں۔

سوال .کس چیز سے شدید نفرت ہے؟

چیٹنگ سے چاہے وہ کسی بھی معاملے میں ہو اور دوسرا بے بسی سے۔

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .اچھی یا بُری خبر سب سے پہلے کسے سُناتی ہیں؟

اماں کو سناتی ہوں۔

سوال .کوئی ایسی بات جس پر پچھتاوا ہو؟

ہاں ایک بار ایک دوست کا دل توڑا تھا۔ جس پر آج تک پچھتاوا ہے۔

سوال .کوئی ایسی بات جس پر چِڑ ہو؟

مجھے جب کوئی یہ کہتا ہے تم لڑکی ہو یہ نہیں کرنا چاہیے پھر مجھے چڑ چڑتی ہے۔

سوال .آپ کی اچھی یا بُری عادتیں؟

اچھی عادت معاف جلدی کر دیتی ہوں اور دل سے کر تی ہوں اور بڑی عادت غصہ بہت زیادہ کرتی ہوں چھوٹی سی بات بھی دل پر لے لیتی ہوں۔

سوال .کسی کی بری بات یا بری عادت دیکھتی ہیں تو منہ پر کہہ دیتی ہیں یا نہیں یا پھر بس دل میں غصہ کرتی ہیں؟

میں بول دیتی ہوں۔

سوال .غصہ آتا ہے اور کس بات پر سب سے زیادہ غصہ آتا ہے؟

غصہ مجھے سب سے زیادہ مجھے یا میری بات کو اگنور کرنے پر آتا ہے۔

سوال .کسی کو کوئی نصیحت کرنی ہو تو کیا کریں گی؟

خدا کے علاوہ کسی پریقین مت کریں۔

سوال .موسم کونسا پسند ہے؟

سردیاں پسند ہیں۔

سوال .فارغ اوقات میں کیا کرتی ہیں؟

ناول لکھتی ہوں فارغ وقت میں۔

سوال .آج کل کیا مصروفیات ہیں؟

آج کل دو ناولز لکھ رہی ہوں۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

سوال .آپ ابھی کتنے پلاٹس آئیڈیاز پر کام کر رہی ہیں کیا آپ ہمیں اپنے فیوچر پراجیکٹس کے بارے میں کچھ بتانا چاہیں گی ؟

دو پر کام کر رہی ہون اور دو پراجیکٹس ایسے ہیں جن پر فیوچر میں کام ہوگا۔ مختلف سٹوریز ہوں گی۔ روگ ہجر دا اور انداز دیوانگی۔ رنگ الفت یہ پروجیکٹس فیوچر میں آپ سب کے لئے لکھوں گی۔

سوال .اور آخر اپنے ریڈرز کو کیا پیغام دینا چاہیں گی؟

دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں اور خدا کے علاوہ کسی پر یقین نہیں کریں۔

خوش رہیں اور دوسروں کو بھی خوش رکھیں۔

سوال۔ نیو ایرا میگزین کے بارے میں کوئی سے تین مثبت نکات

بتایئے۔

بیسٹ پلیٹ فارم ہے

ایمرجنگ رائیٹرز کے لئے۔

بیسٹ آف لک نیو ایرا میگزین۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

**************

جی تو ناظرین و حاضرین و سامعین و قارئین مجھے تو کرن رفیق کے بارے میں بہت کچھ جاننے کو ملا ہے اور ساتھ ہی ساتھ بہت لطف بھی آیا یقیناً آپ کو بھی بہت لطف آیا ہو گا۔ ہم کرن رفیق کے مشکور ہیں جنھوں نے ہمارے لیے اپنے قیمتی وقت میں سے وقت نکالا اور ہمیں اپنے بارے میں جاننے کا موقع دیا۔ اس کے ساتھ ہی ہم اپنی آج کی آدھی ملاقات کا اختتام کرتے ہیں اب ہم جلد ہی ان شاءاللہ پھر حاضر ہوں گے کسی اور مصنف/مصنفہ کے ساتھ۔ اب ہمیں اجازت دیجئیے۔

اللہ حافظ

ادارہ: نیو ایرا میگزین

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ختم شد

ہمیں اپنی ویب نیوایرا میگزین(New Era Magazine)کیلئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔اگرآپ ہماری ویب پراپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل،شاعری،پوسٹ کرواناچاہیں تواردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کااستعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

(انشااللہ آپ کی تحریرایک ہفتے کے اندراندرویب پرپوسٹ کردی جائے گی۔مزید تفصیلات کیلئےاوپردیئے گئےرابطے کے ذرائع کااستعمال کرسکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیوایرامیگزین